خطبات خواجہ شمس الدین عظیمی

ACD 112

Track - 1

59:00

''پہلی روحانی کانفرنس''

.........اعوذ باللہ

.... بسم اللہ

لو ھذا القرآن ....(تلاوت کلام الٰہی)

قرآن پاک کی جو آیات میں نے ابھی تلاوت کی ہیں اس میں اللہ تعالیٰ نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ یہ قرآن قرآن ایک طاقت ہے اور ایسی طاقت ہے کہ اگر اس کو پہاڑ پر نازل کردیا جاتا تو پہاڑ ریزہ ریزہ ہوجاتا۔ اور یہ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جو ان لوگوں کو فائدہ پہنچاتی ہے جو تفکر کرتے ہیں ریسرچ کرتے ہیں۔جو لوگ تفکر نہیں کرتے ریسرچ نہیں کرتے قرآن انہیں فائدہ نہیں پہنچاتا۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے اسماء کا ذکر کیا ہے اللہ تعالیٰ کیا ہے کس طرح ہے اور اس نے اس کائنات کو کس طرح تخلیق کیا ہے۔